داڑھی کی حد

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

داڑھی کی شرعی حد کیا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللحیۃ : یا داڑھی دونوں رخساروں اور تھوڑی پراگنے والے بالوں کوکہتے ہیں ابن منظور رحمہ اللہ ابن سید سے نقل کرتے ہوئے کہتے ہیں : "اللحیۃ اسم جامع یجمع من الشعر ما نبت علی الخدین والذقن" : لسان العرب (15/ 243) داڑھی اسم جامع ہے جو دونوں رخساروں اور تھوڑی پراگنے والے بالوں کوکہتے ہیں کانوں کے سوراخ کے برابر اونچی ہڈی پر اگے ہوئے بال داڑھی میں شامل ہیں، اسے اہل لغت اسے العذار یعنی رخسارہ کا نام دیتے ہیں جو کہ جبڑے کا کنارہ ہے اوران بالوں کو بھی مونڈنا اور اکھاڑنا جائز نہیں ہے، کیونکہ یہ بھی داڑھی میں شامل ہوتے ہیں شیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ تعالی سے درج ذیل سوال کیا گیا : داڑھی اور اللحیۃ سے کیا مراد ہے؟ شیخ رحمہ اللہ تعالی کا جواب تھا : کانوں کے سوراخ برابر ابھری ہوئی ہڈی سے لیکر چہرے کے آخر تک دارھی کی حد ہے، اور رخساروں پر اگے ہوئے بال بھی داڑھی میں شامل ہیں القاموس المحیط میں ہے : اللحیۃ : شعر الخدین والذقن. القاموس المحیط (387/4) یعنی رخساروں اور تھوڑی کے بال داڑھی ہیں" اس بنا پر جو شخص یہ کہتا ہے کہ : رخساروں پر موجود بال داڑھی میں شامل نہیں ہیں تو اسے اس کی کوئی دلیل پش کر کے یہ ثابت کرنا ہوگا کہ یہ بال داڑھی میں شامل نہیں مجموع فتاوی ابن عثیمین (11) سوال نمبر (49) شیخ رحمہ اللہ سے یہ سوال بھی کیا گیا : کیا رخسار بھی داڑھی میں شامل ہیں؟ شیخ رحمہ اللہ کا جواب تھا : جی ہاں دونوں رخسار بھی داڑھی میں شامل ہیں؛ کیونکہ جس لغت میں شریعت آئی ہے اس لغت کا تقاضا بھی یہی ہے اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے : (إنا أنزلناه قرآناً عربیاً لعلکم تعقلون) بلاشبہ یقینا ہم نے قرآن مجید کو عربی زبان میں نازل فرمایا ہے تاکہ تم عقل کرو اور ایک مقام پر کچھ اسطرح فرمایا : (ہوالذي بعث في الأمیین رسولاً منہم یتلو علیہم آیاتہ ویزکیہم ویعلمہم الکتاب والحکمۃ) اللہ وہ ذات ہے جس نے امی (ان پڑھ) لوگوں میں ایک رسول مبعوث کیا جوانہی میں سے تھا، وہ ان پر اس اللہ کی آیات تلاوت کرتا اور انہیں پاک کرتا اور انہیں کتاب وحکمت کی تعلیم دیتا ہے . اس سے یہ پتہ چلا کہ قرآن وسنت میں جو کچھ بھی آیا ہے اس سے وہی مراد ہے جو عربی لغت متقاضی ہے، لیکن اگر اس کا کوئی شرعی مدلول ہو تو پھر اسے اس شرعی مدلول پر ہی محمول کیا جا ئیگا مثلا : الصلاۃ عربی زبان میں دعاء کو کہا جاتا ہے، لیکن شریعت اسلامیہ میں اس سے مراد وہ عبادت مراد ہے جو نماز کے نام سے معروف ہے، اس لیے جب قرآن وسنت میں اس کا ذکر آئے تو اسے شرعی مدلول پر ہی محمول کیا جا ئیگا الا یہ کہ اگر اس میں کوئی مانع آجائے اس بنا پر داڑھی کے بارہ میں شریعت اسلامیہ نے کوئی خاص شرعی مدلول نہیں بنایا تو اس لیے اسے لغوی مدلول پر محمول کیا جا ئیگا، اور اللحیہ یا داڑھی لغت عرب میں ان بالوں کو کہا جاتا ہے جو جبڑوں اور رخساروں پر کانوں کے سوراخ کے برابر دوسری طرف کی ہڈی پر اگے ہوتے ہیں القاموس میں ہے : رخساروں اور تھوڑی پر اگے ہوئے بال داڑھی ہیں اور اسی طرح فتح الباری میں لکھا ہے کہ : ہی اسم لما نبت علی الخدین والذقن فتح الباری (35/10) طبع مکتبہ سلفیہ دونوں رخساروں اور تھوڑی پر اگے ہوئے بالوں کا نام داڑھی ہے اس سے یہ علم ہوا کہ دونوں رخسار داڑھی میں شامل ہیں، اس لیے مؤمن شخص کو چاہیے کہ وہ صبر سے کام لے، اور اللہ تعالی اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت وفرمانبرداری کر کے صبر کا مظاہرہ کرتے ہوئے اجر وثواب حاصل کرے، اور اگر وہ کسی اجنبی علاقے میں اجنبی ہو تو اس کے لیے (دین پر عمل کرنے والے کے لیے) خوش بختی ہے اسے یہ معلوم ہونا چاہیے کہ حق کی پہچان کے لیے میزان توکتاب وسنت ہے، اس کا وزن اس کے ساتھ معلوم نہیں ہوتا جس پر لوگ ہوں اور وہ کتاب وسنت کے بھی مخالف ہو اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ ہمیں اور ہمارے مسلمان بھائیوں کو حق پر ثابت قدم رکھے مجموع فتاوی ابن عثیمین (11) سوال نمبر (50) اور گردن پر اگے ہوئے بال داڑھی کی حد میں شامل نہیں، امام احمد رحمہ اللہ تعالی نے بیان کیا ہے کہ حلق کے نیچے والے بال اتارنے میں کوئی حرج نہیں الانصاف (250/1) یہ اس لیے کہ یہ بال داڑھی میں شامل نہیں ہیں شیخ محمد السفارینی کہتے ہیں : الاقناع میں ہے کہ : معتمد مذہب یہ ہے کہ حلق کے نیچے والے بال اتارنے میں کوئی حرج نہیں غذاء الالباب شرح منظومۃ الآداب (433/1) ہذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی